مطبوعات

اساسیاتِ اسلام | مصنفہ پروفیسر فضل احمد صاحب ایم۔اے، ایم، زیڈ (امریکہ) لیکچرار سنٹرل ٹریننگ کالج، لاہور۔ طابع و ناشر: مکتبہ کارواں۔ ایبک روڈ، انار کلی۔ لاہور صفحات ۲۶۳ قیمت تین روپے چار آنے۔

مسلمانوں کی نوخیز نسل کو ——— خصوصًا وہ نسل جس کی عمر کا معتد بہ حصہ مغربی افکار و نظریات کے پڑھنے میں صرف ہوا ہے ——— اسلام کا پابند بنانا کوئی آسان کام نہیں۔ اس کے لیے ایک بالکل نئے انداز اور نئے طرزِ فکر کی ضرورت ہے۔ دینی مسائل کو سمجھانے کا وہ پرانا اسلوب جس سے اب تک ہم آشنا چلے آتے ہیں اب زیادہ کارآمد اور مفید ثابت نہیں ہو رہا۔ اس ضرورت کو ہماری ملّت کے خیر خواہ ایک مدت سے بڑی شدّت کے ساتھ محسوس کر رہے ہیں۔ چنانچہ اس سلسلہ میں بعض بڑی کامیاب کوششیں بھی کی گئی ہیں۔ مولانا سید سلیمان ندوی علیہ الرحمۃ کے خطبات مدراس اور مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کا رسالہ دینیات اسی ضرورت کے احساس کا عملی اظہار ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب انہی کوششوں میں ایک مفید اضافہ ہے۔

فاضل مصنّف چونکہ ایک طویل عرصہ سے ایک ایسے ادارہ سے وابستہ ہیں جس کا مقصد قوم کے لیے اساتذہ تیار کرنا ہے، اس لیے وہ نوجوانوں کے رجحانات اور احساسات سے پوری طرح آشنا ہیں۔ اُن کے ذہنوں میں شکوک و شبہات کے جو کانٹے موجود ہیں وہ اُن کو بھی اچھی طرح جانتے ہیں۔ اور اس بنا پر انہوں نے نہایت دیدہ وری سے یہ کتاب مرتب فرمائی ہے

کتاب ۱۹ ابواب پر مشتمل ہے۔ مثلاً حقیقت کی تلاش، عقائد، اسلامی عبادات، قرآن کریم، سنتِ رسول، علم فقہ اور اس کی تدوین، اجتہاد، اسلامی فقہ کے امام، اسلام کے احسانات۔ ان ابواب میں دین کے اساسی تصورات سے لیکر اعمال تک سب پر بڑے حکیمانہ انداز میں بحث